وزیرِ ثقافت کا اکیڈیمی کمپلیکس کا دورہ، ابھینو تھیٹر میں تجدید کاری کا جائزہ لیا

کمپلیکس میں مقامی ثقافتی روایات کو اُجاگر کرنے کی ضرورت پر زور

جموں//

وزیرِ مملکت برائے اطلاعات، تعلیم اور ثقافت محترمہ پریا سیٹھی نے ریاست کے اعلیٰ ثقافت کے تحفظ کے لئے سول سوسائٹی کا تعاون طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ریاست کی قدیم ثقافتی مقامات کی بحالی اور تحفظ کے لئے اقدامات اُٹھا رہی ہے۔ وزیر موصوفہ ۱۹ نومبر کو یہاں ورلڈ ہیری ٹیج ویک ۲۰۱۵ء کو منانے کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب کے افتتاح کے موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کر رہی تھیں۔ اس ہفتہ روزہ تقریبات کا آغاز مشہور دیوان مندر کمپلیکس کی صفائی وستھرائی مہم اور مبارک منڈی ہیری ٹیج کمپلیکس میں ہیری ٹیج نمائش کے افتتاح سے ہوا۔ اس موقعہ پر ایم ایل اے جموں ایسٹ راجیش گپتا، سیکریٹری کلچر، سینئر لیڈر ریدھ وبر سیٹھی، وی سی جے ڈی اے، ڈائریکٹر مبارک منڈی ہیری ٹیج سوسائٹی، کنوینر انٹیک جموں چیپٹر، جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز، محکمہ آرکائیوز، تعلیم، اعلیٰ تعلیم، ٹریفک پولیس، جے ڈی اے اور جے ایم سی کے آفیسران بھی موجود تھے۔ وزیر

عالمی ہفتۂ وراثت کے سلسلے میں تقریبات

ثقافتی کمپلیکسوں کی صفائی کی مہم اور اہم دستاویزات کی نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا

موصوفہ نے کہا کہ حکومت پہلی بار ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر عالمی ثقافتی ہفتہ کی تقریبات منا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ثقافتی ہفتہ کی تقریبات عوام کو ریاست کے مختلف حصوں میں موجودہ ثقافتی مقامات کے بارے میں جانکاری فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا "موجودہ حکومت ثقافتی ورثے کی بحالی کے لئے پُرعزم ہے اور وزیر اعلیٰ، نائب وزیر اعلیٰ اور وزیر برائے ثقافت کی ہدایت پر ریاست میں کلچر کی طرف خصوصی توجہ دی جا رہی ہے"۔ وزیر موصوفہ نے سول سوسائٹی کے ممبران اور طالب علموں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ثقافت عوام کی شناخت ہے اور ریاست کے تینوں خطے ایک لاثانی ثقافتی

کلچر رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ نسل کو اپنی ثقافت کے بارے میں بیدار کیا جانا چاہئے اور ورلڈ ہیری ٹیج ویک کے دوران منائی جاری تقریبات اس سلسلے میں ایک مثبت قدم ہے۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ ریاست کی ثقافتی عمارتوں، میوزیمز، لائبریریوں اور قدیم قلعوں پر چراغاں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ سیاحت، ثقافت، تعلیم اربن ڈیولپمنٹ ریاست میں اس ہفت روزہ تقریبات کو منانے کے لئے خصوصی پروگرام کا انعقاد کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ تقریبات کے دوران ہاتھ سے تحریر کئے گئے پُرانے دستاویزات، پرانی تصاویر، قدیم نوادرات اور کتابیں مبارک منڈی، ایس پی ایس میوزیم اور رنبیر لائبریری میں نمائش کے لئے رکھے

گئے ہیں۔ ہفت روزہ تقریبات کے دوران مختلف تعلیمی اداروں میں ثقافتی بیداری پروگرام، سیمپوزیم، تحریری اور مصوری کے مقابلے منعقد کئے جائیں گے۔ پریا سیٹھی نے اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے عالمی ثقافتی ہفتہ کو منانے کے لئے حکومت کی کوششوں کی سراہنا کی۔ انہوں نے کہا کہ ثقافتی عمارتوں کی صفائی ستھرائی کی خصوصی مہم اس ضمن میں سماج کے لئے ایک مثبت پیغام ہے۔ بعد میں وزیر موصوفہ نے دیوان مندر کمپلیکس کے سروے پلان کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عمل آوری ایجنسی پر زور دیا کہ وہ کمپلیکس کے بحالیاتی کام میں قدیم فن تعمیر کو ملحوظ نظر رکھے۔ ہفتۂ ثقافت کے دوران محکمہ آثار قدیمہ کے صدر دفتر واقع اولڈ سیکریٹریٹ سرینگر میں قدیم دستاویزات پر مبنی ایک نمائش کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈوگرہ دور کے فرامین اور بعض نایاب مخطوطات شامل تھے۔ ایس پی ایس میوزیم سرینگر میں بھی مخطوطات کی ایک نمائش کا اہتمام کیا گیا تھا اور ایک ہفتے تک میوزیم کا دورہ کرنے والوں سے کوئی فیس وصول نہیں کی گئی۔ ☆☆☆

جموں میں دیپاولی فیسٹول کی دھوم، موسیقی کی محفل آراستہ کی گئی

کشیر لسانی مشاعرے کا بھی اہتمام کیا گیا، اکیڈیمی کی کاوشوں کی سراہنا

جموں//

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کی طرف سے روشنیوں کے تیوہار دیپاولی کے سلسلے میں ...

ایک رائٹرس کلب قائم کرنے کے لئے کوشش کر رہی ہے اور اس سلسلے میں کافی پیش رفت بھی ہوئی ہے۔ وزیر موصوف کو بتایا گیا کہ سردیوں کے مہینوں میں ابھینو تھیٹر میں مختلف زبانوں میں کانفرنسوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

... کے ساتھ ساتھ پروفیسر راج کمار، سنیل شرما کے کے شاکر، اوپی شاکر، شیام طالب، برج موہن، ڈاکٹر جاوید راہی، ڈاکٹر فاروق انوار مرزا، ڈاکٹر بلجیت رینہ ...

اکیڈیمی کے مختلف پروگراموں کی تشہیر

ریڈیو کشمیر پر "ثقافت نامہ" کے عنوان سے نئی سیریز کا آغاز

saqafatnama@gmail.com

لیہ میں اکیڈیمی کے اہتمام سے کثیر لسانی ادبی کانفرنس کا انعقاد

خطے میں بولی جانے والی زبانوں کی فروغ کی ممکنات پر تبادلۂ خیال

رانا فضل حسین کے اعزاز میں تقریب

گوجری زبان و ادب کی فروغ کے لئے اُن کی کوششوں کی سراہنا کی گئی

سیکریٹری اکیڈیمی کا راجوری اور پونچھ کا دورہ

مقامی ادیبوں اور فنکاروں کے ساتھ خیالات کا تبادلہ

نامور ڈوگری ادیب ناتھو رام کی یاد میں ادبی تقریب

انجہانی کے کارنامے اُجاگر کرنے کے ساتھ منظوم خراج تحسین پیش کیا گیا

اقبال خومینی ہال زڈی بل میں حسینی مشاعرہ

نامور شعرائے شہدائے کربلا کو منظوم خراج تحسین پیش کیا

اکیڈیمی کی طرف سے دو روزہ گوجری ادبی و ثقافتی کانفرنس کا اہتمام

ریاست بھر سے دو سو گوجری ادیبوں، شاعروں اور فنکاروں نے حصہ لیا

باہو قلعے میں قدیم لوک موسیقی اور رقص کا پروگرام

عالمی ہفتہ وراثت کے سلسلے میں تقریبات